B.Ed./1 Sem/P-106(Phy Sci)/Dec 2015

December 2015ء دسمبر | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر) | (Semester-1) سمسٹر۔۱

پرچہ ۱۰۶ : تدریسیاتِ طبیعیات

Paper - 106 : Pedagogy of Physical Sciences

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

حصہ A

10 x 5 =50

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

1. (الف) طبعی سائنس کی اہمیت اور وسعت کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) اسکولی مضامین کے درمیان ہم رشتگی کی ضرورت اور اہمیت کو بیان کیجیے۔

2. (الف) تصور (Concept) سے کیا مراد ہے؟ تصور اور قانون کے فرق کو واضح کیجیے۔

یا

(ب) سائنس کی ساخت کو مختصراً سمجھائیے۔

3. (الف) ڈاکٹر اے۔پی۔جے ابوالکلام کی سائنسی خدمات کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) ہندوستان میں سائنس کی ترقی کی تاریخ کا مختصر جائزہ لیجیے۔

4. (الف) طبعی سائنس کے فروغ میں آئنسٹائن کی خدمات کو قلم بند کیجیے۔

یا

(ب) انسانی زندگی پر طبعی سائنس کے اثر کو بیان کیجیے۔

5. (الف) طبعی سائنس کی تدریس کے اغراض و مقاصد کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) تدریسی مقاصد کے صنفیات (Taxanomy) کیا ہیں؟ ایک مثال کے ذریعہ بتائیے کہ تدریسی مقاصد کے تینوں دائرہ اثر ایک دوسرے سے کس طرح مربوط ہیں؟

6. (الف) طبیعیاتی سائنس کی تدریس کے ہدایتی اور خصوصی مقاصد کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) بلوم اور کریتھ وال کی تدریس مقاصد کے صنفیات (Taxanomy) کو مختصراً بیان کیجیے۔

7. (الف) طبیعیاتی سائنس کی تدریس کے استقرائی اور استخراجی طریقہ تدریس کی خوبیوں اور خامیوں کو سمجھائیے۔

یا

P.T.O.

(ب) معلم مرکوز اور متعلم مرکوز طریقہ تدریس میں فرق واضح کیجیے۔

8. (الف) متفقہ غور و خوص (Brain Storming) کی تکنیک پر روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) ذہنی خطوط عکاسی (Mind Mapping) کی تدریسی تکنیک پر روشنی ڈالیے۔

9. (الف) تدریس کی منصوبہ بندی کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

یا

(ب) سبق کی منصوبہ بندی کے ہربارٹ کے بتائے گئے مراحل کو مختصراً بیان کیجیے۔

10. (الف) سالانہ پلان کا نمونہ جدول بنایئے اور بتائے کہ اس میں کن امور کو شامل کیا جاتا ہے؟

یا

(ب) مائیکرو تدریس کی مہارت پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

حصہ B

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ 2 x 10 = 20

(2) ہر سوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔

(3) ہر سوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔

11. (الف) ہکسلے نے کہا تھا ''زندگی کا عظیم مقصد علم نہیں عمل ہے۔'' اس قول کی وضاحت کیجیے اور اس مقصد کے حصول کے لیے سائنٹفک طریقہ تدریس پر بحث کیجیے۔

یا

(ب) جدید تدریسی تکنیک ''ٹیم تدریس'' اور ''ذہنی خطوط عکاسی'' پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

12. (الف) یونٹ منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے؟ یونٹ کی منصوبہ بندی میں کن مراحل کو طے کرنا ہوتا ہے؟ یونٹ منصوبہ بندی کی خوبیوں اور خامیوں کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) نویں جماعت کے لیے ''حرارت'' کے موضوع پر منصوبہ سبق تیار کیجیے۔

☆☆☆